چڑ کر گھر میں آ بیٹھیں تو اخبارات اور برقی ذرائع ابلاغ خود آپ کے گھر میں گھس کر اُسی زبان کا حلیہ بگاڑنے پر تلے نظر آئیں گے جس زبان کو انھوں نے خود ہی اپنے ذریعہ ابلاغ کے طور پر منتخب کیا ہے۔ نشریاتی اداروں سے اردو میں نشر کیے جانے والے پروگراموں کے نام ہوں، ڈراموں کے عنوان ہوں یا ان کے مصنفین اور اداکاروں کے نام، سب کے سب رومن رسم الخط میں دکھائے جارہے ہوں گے۔ نہ جانے کس نے اُنھیں یہ پٹّی پڑھا دی ہے کہ تمھاری طرح تمھارے ناظرین بھی جاہل ہیں، اُردو حروف پڑھ نہیں پائیں گے۔ ہمارے مغرب پرست ماہرین ابلاغیات کی یہ مجبوری تو ہے ہی کہ وہ کسی زبان کے ماہر نہیں۔ اچھی طرح انگریزی آتی ہے نہ بُری بھلی اُردو۔ مگر اس سے بھی بڑی مجبوری یہ ہے کہ ناظرین کی شرح میں اضافے کی جو دوڑ لگی ہوئی ہے، اُس میں آگے بڑھنا اُردو زبان کو ذریعہ ابلاغ بنائے بغیر ممکن ہی نہیں۔ کیوں کہ اس ملک کی قومی زبان اُردو ہے، عوامی زبان اُردو ہے اور ملک کی مختلف زبانیں بولنے والوں کے مابین رابطے کی زبان بھی اُردو ہی ہے۔ مگر یہ جو ناک میں انگریزی بولنے والا نکٹا ولایتی بھوت سر پر سوار ہوگیا ہے، وہ اُن سے اردو بھی انگریزی حروف میں لکھواتا ہے۔ بدیسی تجارتی اداروں کے اشتہارات نے تو اس دیس کی زبان بگاڑنے کو اپنا ہدف یا نصب العین ہی بنالیا ہے۔ اگر وہ رومن حروف میں ''پیو اور جیو'' نہیں لکھیں گے تو شاید پی کر جینے والوں کو اُن کے مشروبات کی تیزابیت محسوس نہیں ہوگی۔

آج کل لوگ سمجھتے ہیں کہ رومن حروف میں اردو لکھنے کی وبا جدید ابلاغی آلات کی عطا ہے۔ یہ ابلاغی آلات بھی دیکھتے ہی دیکھتے ہماری زندگیوں میں بالکل اُسی طرح دخیل ہوگئے، جیسے کڑکتی سردی میں کسی بدّو کے خیمے میں اُس کا اونٹ پہلے صرف گردن ڈالنے کی اجازت چاہتا ہے، پھر رفتہ رفتہ اونٹ اندر اور بدّو باہر۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ ہم بین الاقوامی

رابطے کے نظام یعنی International Network سے روشناس کرائے گئے، جس کا مخفف .Inter. Net ہے۔ اس عالمی ربط پر برساتی کُھمبیوں کی طرح بہت سے سماجی ذرائع ابلاغ اُگ آئے۔ ابتدا میں ان جدید آلات پر تحریر کرنے کے لیے اردو کی تختی میسر نہ تھی، اس وجہ سے لوگوں نے مجبوراً رومن حروف میں اردو لکھنے سے ان ذرائع کو استعمال کرنے کا آغاز کیا۔ مگر بہت جلد اُردو اپنا رسم الخط لے کر تمام سماجی ذرائع ابلاغ تک پہنچ گئی۔ لہٰذا اب اردو پیغام رسانی کی راہ میں کوئی مجبوری حائل نہیں رہی، معذوری البتہ حائل ہوسکتی ہے۔

پاکستان کے اندر رومن حروف میں اردو تحریر کرنے کا فتنہ سب سے پہلے ایوب خان کے ''دورِ انقلاب'' میں اُٹھا۔ تہذیبِ حاضر کی چمک دمک سے خیرہ نظری کا شکار ہوجانے والے دیگر اذہان کے مثل، ایوب خان کا بھی خیال تھا کہ مصطفیٰ کمال پاشا کی طرح رومن رسم الخط اختیار کر لینے سے ہم بھی ترقی کی راہ پر دوڑنے لگیں گے۔ مگر آج کی طرح اُس زمانے میں بھی اردو نے اپنی بقا کی جنگ پوری قوت سے لڑی اور اپنے آپ کو توانا زبان ثابت کر کے اپنا رسم الخط بچا لیا۔ برصغیر میں رومن رسم الخط پہلی بار کب استعمال ہوا؟ اس ضمن میں مولانا عبدالقدوس ہاشمی کی ایک تحریر، جو ایوب خان کی تجویز کے جواب میں اُردو کالج کراچی کے مجلّے ''برگِ گُل'' کے ''ایوب نمبر'' میں 1960ء میں شائع ہوئی، ہمیں بتاتی ہے۔

''اس تجویز کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ یورپی تاجروں نے اپنے کارندے، جو وہ یورپ سے لاتے تھے، ان کو یہاں کے مقامی الفاظ، خصوصاً افراد اور مقامات کے نام یاد کرانے کی یہ ترکیب نکالی تھی اور اس کام کے لیے یہ ترکیب تھی صحیح، کیونکہ فارسی حروف انہیں سکھانا مشکل تھا''۔

(بحوالہ ''معارف فیچر'' شمارہ 16 مارچ 2014ء۔ شائع کردہ: اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی)

اُسی زمانے کی ایک دلچسپ تقریر ہمیں سابق مغربی پاکستان کے چیف جسٹس محمد رستم کیانی کے مجموعہ تقاریر ''افکارِ پریشاں'' میں ملتی ہے۔ جسٹس کیانی نے مدیر ''چراغِ راہ'' پروفیسر خورشید احمد کے ایک سوال کے جواب میں جو کچھ کہا، اُس سے ایک اقتباس ملاحظہ فرمایئے۔ سوال یہ تھا: ''کیا اردو زبان کا موجودہ رسم الخط کسی تبدیلی کا متقاضی ہے؟'' جسٹس ایم آر کیانی نے جواب دیا: ''اردو رسم الخط نے خود تو کوئی تقاضا نہیں کیا کہ مجھے بدلا جائے۔ مگر آپ کی یہی رضا ہے تو پھر اُردو کی قضا ہے۔ البتہ انسان کی فطرت اس بات کی مقتضی ہوتی ہے کہ چیزیں ہمیشہ بدلتی رہیں۔ کوئی اس کو جدّت کہتا ہے، کوئی بدعت، اور کوئی تو انقلاب کے درجے تک پہنچا دیتا ہے۔ اب چوں کہ آپ کو اور کوئی تبدیلی نہیں سوجھتی اور شادیاں بھی چار سے یک لخت ایک ہونے پر آپ ''کُل جدید لذیذ'' کی لذت سے محروم ہوگئے ہیں اس لیے عروسِ اردو کو شریکِ حیات سمجھ کر اپنے جنسی میلانوں کی تسکین کے لیے اُس کو رومن اردو کا فراک پہناتے ہیں۔ میرے خیال میں محترم پروفیسر

خورشید احمد کو متقاضی کے بجائے متحمل کا لفظ استعمال کرنا چاہیے تھا۔ کیا اردو رسم الخط بھی اتنی تبدیلی برداشت کرسکتا ہے کہ اسے رومن کا جامہ پہنایا جائے؟ مگر جامے کی تشبیہ یہاں غلط ہے۔ اُس کا تو چہرہ ہی بدل جائے گا۔ یہ محض لباس کا بدلنا نہیں ہے۔ رسم الخط کو تو زبان سے وہ تعلق ہے جو تن کو جان سے ہے۔ میں نے فراک کا ذکر اس لیے کیا تھا کہ یہ اہلِ مغرب کا مخصوص لباس ہے اور غالباً اردو کو رومن بنانے کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ اسے مغرب کے لیے دلپذیر بنایا جائے۔ مگر آپ بھول رہے ہیں کہ کسی زبان کی اہمیت اُس کی اپنی خوب صورتی سے نہیں بڑھتی، بلکہ اُس کے بولنے والوں کی خوب صورتی سے بڑھتی ہے۔ جب آپ اخلاقی طور پر صحت مند ہو جائیں گے تو آپ کی قومیت کا اعتبار قائم ہو جائے گا اور دنیا آپ کی اُردو بھی سیکھے گی اور اس کے رسم الخط کے نخرے بھی اُٹھائے گی۔ کافِ کابل اور قافِ قندھار کے باریک فرق کو دیکھ کر لوگ کہیں گے کہ سبحان اللہ! محض حروف کے امتیاز میں یہ لوگ کتنی دُور چلے گئے ہیں''۔

(اقتباس از: ''افکارِ پریشاں''، مجموعہ تقاریر جسٹس ایم آر کیانی مرحوم)

ہمارا رسم الخط بھی ہماری قومی یکجہتی اور ہماری لسانی ہم آہنگی کا آئینہ دار ہے۔ سندھی، بلوچی، پنجابی اور پشتو سمیت تقریباً تمام پاکستانی زبانیں دائیں سے بائیں کو لکھی جاتی ہیں اور خطِ نسخ یا خطِ نستعلیق میں رقم کی جاتی ہیں۔ ان کے اکثر و بیشتر حروفِ تہجی بھی مشترک ہیں۔ جب کہ رومن حروفِ تہجی بائیں سے دائیں کو لکھے جاتے ہیں اور یہ حروف بھی ہمارے خطے کی زبانوں کے لیے اجنبی ہیں۔ رومن حروف میں اردو تحریر کرنے کو رواج دینے سے اردو بھی اجنبی ہو جائے گی اور اپنی ہمشیر زبانوں سے اس کا ناتا ٹوٹ جائے گا۔ یوں ہماری قومی زبان پوری قوم سے بیگانہ ہو جائے گی۔

ہمارے رسم الخط کا ہماری قوم کے عقائد، تہذیب، تمدن اور ثقافت سے کیا رشتہ ہے؟ اس موضوع پر ان شاء اللہ اگلی نشست میں بات ہوگی۔

اس بُتِ خوش خط کی زُلفہ

ابونثر۔فرائیڈے اسپیشل

آج یومِ کشمیر ہے۔کشمیریوں کی پاکستانی قوم سے یکجہتی کا رشتہ دین اسلام کے ساتھ ساتھ اردو سے بھی منسلک ہے۔ہم دِلی میں ہم زبانی کا بھی اہم کردار ہوتا ہے۔آزاد جموں وکشمیر کی سرکاری زبان اردو ہے۔مقبوضہ کشمیر کی سرکاری زبان بھی 1889ء سے اب تک اردو ہی تھی۔ مگر 131 سال بعد 13 ستمبر 2020ء کو مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر میں اردو کی سرکاری حیثیت ختم کردی۔سرکاری زبان ہندی کے ساتھ کچھ مقامی کشمیری زبانوں کی سرکاری حیثیت برقرار ہے،لیکن کشمیری زبانوں کو اپنا رسم الخط نستعلیق سے تبدیل کرکے دیوناگری اختیار کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے۔رسم الخط کی تبدیلی سے عقیدہ،تہذیب،تمدن،ثقافت سب کچھ بدل سکتا ہے۔ہم زبانوں سے کاٹ کر رکھا جا سکتا ہے۔اردو،فارسی،بلوچی،پشتو،پنجابی،سرائیکی،کشمیری،شینا،بلتی اور کوہستانی سمیت ہمارے خطے کی بہت سی زبانیں نستعلیق رسم الخط میں تحریر کی جاتی ہیں۔چین کے صوبے سنکیانگ کے مسلمان جوترکی الاصل ''اویغور'' زبان بولتے ہیں وہ بھی نستعلیق ہی میں لکھی جاتی ہے۔ نستعلیق کے لغوی معنی شائستہ،ادب آداب سے واقف،مہذب،خوش وضع،خوش قطع اور خوش کلام شخص کے ہیں۔میر کا شعر ہے:۔

"سخن کرنے میں نستعلیق گوئی ہی نہیں کرتا"

"پڑھیں ہیں شعر کوئی ہم سو وہ بھی شدّ ومد سے ہے"

خطِ نستعلیق ایرانی خط ہے۔یہ خطِ نسخ اور خطِ تعلیق کو ملا کر بنایا گیا ہے۔اس خط کا نام ''نسخ تعلیق'' تھا،مگر حرف ''خ'' کثرتِ استعمال سے گر گیا۔خطِ نسخ عربی خط ہے۔نسخ کا مطلب ہے منسوخ کرنا۔نسخ خواجہ عماد الدین نے ایجاد کیا تھا،اور اس خط کی خوبی کی وجہ سے اس سے پہلے کے رسم الخط منسوخ کردیے گئے تھے۔خطِ تعلیق ایک ایرانی خط تھا،جو تیرہویں صدی میں ایران میں رائج ہوا،مگر اسے بھی خطِ نستعلیق کی ایجاد کے بعد ترک کردیا گیا،کیوں کہ نستعلیق نہایت خوش نما اور خوب صورت خط ہے۔اکبر الٰہ آبادی کا یہ شعر دیکھیے،جس میں اُنھوں نے کمال مہارت سے ''اِس ل'' کا مفہوم اور ''اِسلام'' کا مفہوم یکجا کردیا ہے۔کہتے ہیں:۔

"لام نستعلیق کا ہے اُس بُتِ خوش خط کی زُلف"

"ہم تو کافر ہوں،اگر بندے نہ ہوں اِسلام کے"

تُرکانِ عثمانی کا رسم الخط بھی یہی تھا۔مگر 1928ء میں مصطفیٰ کمال پاشا نے اسے تبدیل کرکے ترکی زبان رومن رسم الخط میں لکھنے کا حکم دیا اور ذاتی دلچسپی لی۔تصور فرمائیے کہ اگر کسی روز یہ حکم پاکستان میں جاری ہوجائے کہ آج کے بعد کوئی

شخص سوائے رومن حروف کے، کسی رسم الخط میں اردو نہیں لکھ سکتا تو وطن عزیز کی کتنی بڑی تعداد اَن پڑھ ہو جائے گی اور ایک نسل کے بعد کتنا بڑا ذخیرہ کتب ناکارہ ہو جائے گا۔ یہی تُرکوں کے ساتھ ہوا۔ ایسا ہی برصغیر میں انگریزی کو ذریعہ تعلیم قرار دیتے وقت بھی ہوا تھا۔ اُس وقت بھی اکبر نے پیش گوئی کی تھی:۔

"یہ موجودہ طریقے راہی ملکِ عدم ہوں گے"

"نئی تہذیب ہوگی اور نئے ساماں بہم ہوں گے"

"نہ پیدا ہوگی خطِّ نسخ سے شانِ ادب آگیں"

"نہ نستعلیق حرف اِس طور سے زیبِ رقم ہوں گے"

"ہماری اصطلاحوں سے زباں نا آشنا ہوگی"

"لُغاتِ مغربی بازار کی بھاشا سے ضم ہوں گے"

مگر برصغیر کے مسلمانوں نے غیر سرکاری طور پر اپنی زبان کی حفاظت کی۔ جب کہ ترکی میں الفاظ کا تلفظ تبدیل ہوگیا۔ تمام ذخیرہ علوم ردّی کا ڈھیر بن گیا اور ان کتابوں کو پڑھنے کے قابل نہ رہنے کی وجہ سے تُرکوں کی نئی نسل کا اپنے ماضی سے تعلق منقطع ہوگیا۔ نئی نسل عربی میں قرآنِ مجید کی تلاوت کرنے کی سعادت سے بھی محروم ہوگئی۔ وہ تو بدیع الزماں سعید نُورسیؒ کی تحریک نے قرآن، حدیث اور فقہ کی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا، جس کے نتیجے میں ترکی میں موجودہ انقلاب کے لیے افرادِ کار میسر آئے۔ (''نورسی'' وہی لقب ہے جو اردو میں ''نوری'' یا ''نورانی'' ہے۔) اب صدر رجب طیب اردوان نے ترکی کے تعلیمی اداروں میں ترکانِ عثمانی کا رسم الخط پڑھانے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ یہ حکم جاری کرتے ہوئے انھوں نے کہا: ''دنیا میں ایسی کوئی قوم مجھے بتا دیں جو اپنی تاریخ اور تہذیب کے اصلی نسخوں ہی کو پڑھنے سے محروم ہو؟ کیا دنیا میں ایسی کوئی قوم ہے جو اپنے باپ دادا کی قبروں کے کتبوں کو پڑھنے کی صلاحیت ہی سے عاری ہو؟ کیا دنیا میں ایسی کوئی قوم ہے جو اپنے قابلِ فخر شعرا، ادیبوں، مصنفین، مفکرین اور عالموں کے تحریر کردہ شاہکاروں کو پڑھنے سے قاصر ہو؟ زبان انسانوں کے درمیان رابطے کا کام سرانجام دیتی ہے۔ اگر آپ کسی معاشرے سے اپنی زبان تحریر کرنے کا حق چھین لیں تو وہ معاشرہ اپنی زبان ہی سے نہیں... مذہب، فن اور ادب سے بھی محروم ہو جاتا ہے۔ ہماری تہذیب الفاظ، تحریر، کاغذوں اور کتابوں سے پھلی پھولی ہے۔ استنبول ہمیشہ ہی مختلف تہذیبوں کا گہوارہ رہا ہے۔ اس کے تمام گوشے تحریر اور خطاطی سے اَٹے پڑے ہیں،

لیکن بدقسمتی سے خطاطی کے ان نمونوں کو قوم سمجھنے ہی سے قاصر ہے۔ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی نئی نسل کو عثمانی ترکی زبان سیکھنے کا موقع فراہم کریں۔ہمیں تو عثمانی ترکی زبان سیکھنے کا کوئی موقع ہی فراہم نہیں کیا گیا،لیکن اب ہماری نئی نسل کو اس حق سے محروم نہیں رکھا جانا چاہیے''۔

امید ہو چلی ہے کہ آئندہ چل کر ترکی میں بھی یہ خط بحال ہو جائے گا اور اُردو جاننے والوں کے لیے ترکی سیکھنا سہل ہو جائے گا۔پھر ہمارا شاعر فارسی میں فریاد کرنا چھوڑ کر (کہ ''زبانِ یارِمن تُرکی و من تُرکی نمی دانم'') یارانِ تُرکی سے فرفر فر تُرکی بول رہا ہوگا۔

ہمارے ذرائع ابلاغ سے جو لوگ رومن حروف میں اردو لکھنے کی عادت کو رواج دے رہے ہیں،نہیں معلوم کہ انھیں اندازہ ہے یا نہیں کہ وہ ہماری قوم کے عقائد،تہذیب،تمدن اور ثقافت کو کتنا دُور رَس نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ترکی کا تجربہ ہمیں سبق سکھانے کے لیے کافی ہے۔لہٰذا قوم کے ہر فرد کا فرض ہے کہ اپنے بچوں کے مفاد میں اس رواج کی حوصلہ شکنی کرے۔اور اپنے دائرہ اختیار کی حد تک اس مہلک وبا کا خاتمہ یقینی بنانے کی کوشش کرے۔

انتظار حسین اپنی کتاب ''علامتوں کا زوال'' میں لکھتے ہیں:۔

''اب لاہور کی کوٹھیوں میں انگریزی پھول عام کھلے دکھائی دیتے ہیں مگر بیلا،چنبیلی نظر نہیں آتے۔یہ ہے ہمارے جملہ مسائل کی جڑ۔مسئلہ اصل میں یہ ہے کہ ہمیں اپنے پھول عزیز نہیں رہے۔رسم الخط کا مسئلہ پھولوں کے مسئلے کا حصہ ہے۔جب باغیچوں سے ان کے اپنے پھول رخصت ہو جائیں اور پرائے پھول کھلنے لگیں تو یہ وقت اس زمین کی پوری تہذیب پر بھاری ہوتا ہے۔رسم الخط اپنی جگہ کوئی چیز نہیں ہے،وہ تہذیب کا حصہ ہوتا ہے''۔(مضمون ''رسم الخط اور پھول'' سے اقتباس)۔

رومن حروف میں ہماری بہت سی آوازوں کے لیے کوئی حرف نہیں ہے۔مثلاً چ،خ،ش اور غ کی آوازوں کے لیے الگ سے کوئی حرف نہیں۔دو حروف کو ملا کر ایک حرف بنا لیا جاتا ہے۔ق کی آواز کے لیے منتخب کیا گیا ہے،مگر رومن میں اس کی اصل آواز 'ک' کی ہے۔ہمارے رسم الخط میں حروف کے ٹکڑے جوڑ کر لفظ بنا لیا جاتا ہے،اس سے یہ سہولت ہوتی ہے کہ کم جگہ میں زیادہ الفاظ تحریر کیے جا سکتے ہیں اور بڑے بڑے فقرے مختصر نویسی کی طرح تیزی سے لکھے جا سکتے ہیں۔ہمارے ہاں صرف اِعراب استعمال کر کے حروف کی آوازوں کی حرکت تبدیل کر لی جاتی ہے،جب کہ رومن میں اس غرض سے پورا حرف لکھنا پڑتا ہے A,E,I,O,U وغیرہ۔رومن حروف میں اردو کی طویل تحریریں پڑھنے میں بڑی دِقّت کا سامنا کرنا پڑتا

ہے۔ پھر رومن میں 'ت' اور 'ٹ' یا 'ڈ' اور 'ڈ' کے لیے ایک ہی حرف استعمال کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے آوازوں کا فرق صرف اندازے سے کیا جاسکتا ہے۔ یہ اندازہ غلط ہو جائے تو اس سے فتنے بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔

پچھلے دنوں سماجی ذرائع ابلاغ پر ایک قصہ عرصے تک گردش کرتا رہا۔ یہ قصہ حقیقی ہو یا فرضی ... مگر اس میں مخفی سبق صرف نوعروسوں کے لیے نہیں، رومن حروف استعمال کرنے والے ہر فرد کے لیے درسِ عبرت ہے۔ ایک صاحب جو اپنے دفتری اُمور کی انجام دہی کے لیے اپنے شہر سے دوسرے شہر گئے ہوئے تھے، موبائل فون پر اپنی نئی نویلی دلھن سے رومن حروف میں خوش گپیاں کرنے میں مصروف تھے۔ اپنی کوئی فرمائش پوری نہ کرنے پر اُنھوں نے لاڈ میں آکر ننھے مُنّے بچوں کی طرح رومن حروف میں بیوی سے کہا: 'کُتّی' ۔ یہ لفظ پڑھتے ہی بیوی کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ اُس نے تحریری گفتگو ترک کی اور آگ بگولا ہو کر اپنے نئے نویلے میاں کو فون کیا۔ آپے سے باہر ہو کر کہنے لگی:۔

''تمھیں یہ غلیظ لفظ میرے لیے استعمال کرنے کی جرات کیسے ہوئی؟ آج پتا چل گیا کہ اب تک تم مجھے کیا سمجھتے رہے ہو''۔

غم و غصے کے جذبات کا اس قدر غلبہ تھا کہ دلھن نے میاں کا ایک لفظ بھی سننے سے انکار کر دیا اور اپنے سسرال والوں کے روکنے کے باوجود فوراً میکے روانہ ہوگئی۔ دونوں خاندانوں میں اچھا خاصا تناو پیدا ہو گیا۔ خدا خدا کر کے خاندان کے بزرگوں نے بڑی مشکل سے ان نو بیاہتا میاں بیوی میں علیحدگی کا سانحہ رُونما ہونے سے روکا۔

ڈی کالونائزیشن اور دو قومی نظریہ

ڈاکٹر رمضان شاہد۔ جسارت

قابض استعماری طاقتوں کا استحصال شاید کئی صدیوں تک اسی طرح جاری رہتا کہ اس دوران عالمی طور پر کئی تبدیلیاں رونما ہوئیں جنہوں نے تاریخ کا دھارا تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان نمایاں تبدیلیوں میں انقلابِ فرانس اور نپولین وارز۔ امریکا کا اعلانِ آزادی اور برطانیہ کا لڑائی میں شکست کھانا، مونرو ڈاکٹرائن، برطانیہ میں صنعتی انقلاب، یونیفکیشن آف جرمنی اور اٹلی۔ یورپ میں نیشن اسٹیٹ کا تصور، برطانیہ میں گلوریس انقلاب اور پھر یورپ بھر میں پنپتے نت نئے تصورات جن میں سوشل کنٹریکٹ، Separation of Powers، لبرلزم کا پھیلتا ہوا اثر رسوخ اور سب سے بڑھ کر کارل مارکس کا بیان کردہ نظریہ کمیونزم، انقلابِ روس۔ ان تمام واقعات نے دنیا کو ایک ایسے موڑ پر لا کھڑا کیا تھا جہاں ایک معمولی واقعہ بھی غلام قوموں میں بغاوت اور آزادی کی آگ بھڑکا سکتا تھا اور قدرت نے وہ موقع جنگِ عظیم اول کی صورت میں مہیا کر دیا۔ اس جنگ سے پہلے ہی ایک بڑی استعماری طاقت اسپین کمزور پڑ چکا تھا۔ اسپین کے کمزور پڑتے ہی جنوبی امریکا کے ممالک آزاد ہو گئے۔ رہی سہی کسر 1898ء کی اسپین امریکا جنگ نے پوری کر دی۔ جس میں نوجوان پہلوان امریکا نے بوڑھے پہلوان اسپین کا بھرکس نکال دیا۔ اسپین کے قبضے سے گوام، کیوبا، پورٹو ریکو اور فلپائن نکل گئے۔ جن میں گوام آج تک امریکا کے پاس ہے۔ جبکہ پورٹو ریکو پر بھی امریکا کا اثر ہے۔ فلپائن 1946ء تک امریکا کے زیرِ اثر رہا اور پھر مکمل آزادی حاصل کر لی جبکہ کیوبا کو 1901ء میں آزادی مل گئی۔

جنگِ عظیم اول میں اگرچہ اتحادی طاقتیں جیت گئیں اور دنیا پر اُن کا قبضہ اور مضبوط ہو گیا۔ لیکن صاف لگ رہا تھا کہ امن دیرپا نہیں اور جلد یا بدیر میدان پھر سجے گا اور پھر ایسا ہی ہوا۔ قومیت پرستی نے جرمنی اور اٹلی کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور دیکھتے ہی دیکھتے یورپ دوسری عالمی جنگ کے دہانے پر پہنچ گیا۔ پانچ سال کی خون ریزی کے بعد جب جنگ ختم ہوئی تو متحارب گروپ لڑلڑ کر بے حال ہو چکے تھے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں تھا۔ یہ وہ خاص موقع تھا جب دنیا بائی پولر ورلڈ میں تبدیل ہو گئی۔ ایک طرف امریکا تھا اور دوسری طرف روس۔ یہ دونوں ممالک اور کسی بات پر متفق ہوں نہ ہوں لیکن اب یہ یورپین طاقتوں کو مزید کالونائزیشن کو برقرار رکھنے کا موقع نہیں دینا چاہتے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہر نو آزاد ملک امریکا یا پھر روسی کیمپ میں جاتا جو اُن کے اثر رسوخ میں اضافے کا باعث تھا۔

جنگِ عظیم دوم کے خاتمے کے بعد دنیا بھر میں ڈی کالونائزیشن کا عمل شروع ہوا۔خوش قسمتی سے برصغیر اس عمل کے اولین فائدہ مندوں میں شامل تھا۔اس کی گوناگوں وجوہات ہیں جن کا ہم یہاں جائزہ لیں گے لیکن اس سے پہلے ہم کو انگریز کے برصغیر میں اقتدار کا جائزہ لینا پڑے گا۔ 1857ء میں برصغیر کے لوگوں نے کمپنی کی لوٹ مار اور بدیسی اقتدار کے خلاف بغاوت کر دی۔ یہ بغاوت کامیاب ہو جاتی اگر انگریز کو کچھ مقامی طالع آزماوں کی اُسی طرح حمایت نہ مل جاتی جس طرح اُن کو جنگِ پلاسی اور سرنگا پٹم کی لڑائیوں میں مل گئی تھی۔اس بغاوت کا گڑھ شمالی ہندوستان اور پنجاب کے علاقے تھے۔لحاظہ یہاں اُن کو گوگیرہ سے (سرفراز) کھرل، شاہ پور سے ٹوانوں، گوجرانوالہ سے چٹھوں، ملتان سے مخدوم، میانوالی سے ملک اور نیازی، اٹک سے کھنڈے، مکھڈ سے پیر، سرگودھا سے نون، قصور سے قصوری، ڈی جی خان سے کھوسے اور لغاری، راجن پور سے مزاری وغیرہ وغیرہ مل گئے اور ان لوگوں کی مدد سے انگریز نے بغاوت کو بے دردی سے کچل دیا۔ بدلے میں اُن لوگوں نے خان بہادر، ملک اور نواب کے خطابات اور ساتھ ہی ساتھ لمبی چوڑی جاگیریں اور وظائف حاصل کیے۔انگریز کی یہ پالیسی اُس عمومی پالیسی کا حصہ تھی جس کے تحت دنیا بھر میں استعماری طاقتوں نے اپنے زیرِ قبضہ علاقوں میں صرف دو فی صد لوگوں کو نواز کر اپنے اقتدار کو مضبوط کیا تھا۔ یہ عمل افریقا میں بھی خوب کامیاب رہا۔

1857ء کی جنگِ آزادی کو بے دردی سے کچلنے کے بعد انگریز نے برصغیر میں ’’ہتھ ہولا‘‘ رکھا تھا اور سوائے جلیانوالہ باغ کے اجتماعی قتلِ عام کا کوئی خاص واقعہ نہیں ہوا۔جبکہ افریقا اور دوسرے علاقوں میں ظلم وستم کے وہ پہاڑ توڑے گئے کہ تاریخ آج بھی سن کر شرماتی ہے۔صرف کانگو میں بلجیم کے بادشاہ لیوپولڈ دوم نے اُصول بنا رکھا تھا کہ ملک کا ہر فرد ایک دن کے بچے سے لے کر 100 سال کے بوڑھے تک ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ٹیکس وصول کرنے والوں کو ہدایت تھی کہ جو ٹیکس ادا نہ کر سکے اس کے جسم کا کوئی عضو کاٹ کر لایا جائے۔ایسے اعضاء کے ہر سال ٹوکرے بھر کر لائے جاتے تھے۔اس کا خاص کرشکار وہ چھوٹے بچے تھے جو ٹیکس ادا نہیں کر پاتے تھے اور اپنے ایک بازو سے محروم ہو جاتے تھے۔ یورپین طاقتوں نے افریقا کی اس طرح بندر بانٹ کی تھی کہ زیادہ تر مصنوعی ملک وجود میں آئے تھے اور جہاں جس کا بس چلا اُس نے اپنے پنجے گاڑ لیے۔انہی ملکوں میں ایک بدقسمت ملک نائیجیریا بھی ہے جو برصغیر جیسے حالات کا شکار رہا ہے۔اس ملک میں 250 کے قریب لسانی اور نسلی گروہ اور 2 بڑے مذاہب کے لوگ پائے جاتے ہیں جن میں مسلمان اور عیسائی شامل ہیں۔ یہ ملک برصغیر کی طرز پر دو قوموں میں تقسیم ہونا چاہیے تھا لیکن ایسا نہ کیا گیا اور پھر تیل کے بے بہا ذخائر رکھنے کے باوجود آج تک یہاں نہ تو امن آسکا اور نہ خوشحالی۔

برصغیر کے لوگ اس لحاظ سے خوش قسمت ہیں کہ تاریخ کے اُس نازک موڑ پر اُن کو دو ہزار سال بعد اقبال جیسا فلسفی

مل گیا۔ ہندوستان میں دو ہزار سال پہلے چانکیہ کوٹلیہ نام کا ایک فلسفی گزرا ہے۔ چانکیہ نے ہندوستان میں سکندر کے بعد موریہ سلطنت کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا تھا۔ چانکیہ کو بلاشبہ Realist مکتبہ فکر کے اولین بانیوں میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ جس نے میکیاولی سے چودہ سو سال پہلے ارتھ شاستر لکھ کر حکمرانی کے اُصول وضع کر دیے تھے۔ اقبال نے یورپ میں تعلیم حاصل کی تھی اور یورپ میں بڑھتی قوم پرستی اور نیشن اسٹیٹ کے نظریاتی تصور کو بہت قریب سے دیکھا تھا۔ اقبال اٹلی کے معمار میزینی سے بھی بہت متاثر تھے۔ وہ بجا طور پر برصغیر کے مسئلے کا حل دو قومی نظریے کو سمجھتے تھے۔ کانگریس نے اس تصور کی کھل کر مخالفت شروع کر دی۔ جبکہ وہ یہ سمجھنے سے قاصر تھے کہ اقبال اصل میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ سناتن دھرم کے ماننے والوں کو بھی ایک قوم قرار دے رہے تھے۔ کانگریسی رہنما یہ سمجھنے سے بھی قاصر رہے تھے کہ جن جغرافیائی بنیادوں پر وہ ہندوستان میں ایک قوم کے وجود پر اصرار کر رہے ہیں وہ تاریخ میں کبھی رہا ہی نہیں۔ معلوم ہندوستانی تاریخ میں سوائے دو سے تین ادوار کے جن میں کسی طاقتور نے ڈنڈے کے زور پر پورے ملک پر حکمرانی کی ہندوستان کبھی بھی ایک اکائی کے طور پر موجود نہیں رہا۔ لہٰذا کانگریس کا کمزور موقف ہار گیا اور اقبال و قائدِاعظم کا نظریہ جیت گیا۔ ہندوستانی حکمران آج بھی برصغیر کی جغرافیائی اکائی اور یک قومی نظریے کے قائل ہیں۔ جبکہ وہ یہ بات سمجھ نہیں رہے کہ اسی جغرافیے کو بنیاد بنا کر ہندوستان میں آزادی کی انیس تحریکیں چل رہی ہیں۔

اور اگر انہوں نے اپنی روش کو تبدیل نہ کیا تو پھر ہندوستان کو ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں بچا سکتی۔ اسی بات کو لے کر انڈیا پاکستان کے اندر بھی لسانی اور نسلی تعصبات کو ہوا دیتا رہتا ہے بلکہ اس سے بھی ایک قدم آگے جا کر پاکستان کے اندر دہشت گردی اور امن و امان کے مسائل کھڑے کرتا رہتا ہے جیسا کہ اُس نے مشرقی پاکستان میں بھی کیا تھا۔

قائدِاعظم محمد علی جناح ایک بڑی بصیرت کے مالک تھے۔ اُن کے پائے کا کوئی ایک بھی لیڈر ہندوستان بھر میں نہیں تھا۔ اُن کے مقابلے میں کانگریس کی تمام قیادت دوسرے درجے کی تھی۔ اُن کی بصیرت نے پاکستان کی شکل میں برصغیر کے مسلمانوں کو ایک لاجواب تحفہ دیا اس کی ایک وجہ اُن کا اپنے موقف پر غیر متزلزل یقین بھی ہے۔ انہوں نے استعماری طاقتوں کی تمام چالوں کو ناکام بنا کر مکمل آزادی حاصل کی جبکہ دنیا کے دیگر خطوں میں ایسا نہیں ہوا۔ اس کی ایک مثال مغربی اور وسطی افریقا ہے جہاں آج بھی استعمار کے پنجے اُسی طرح گڑھے ہوئے ہیں۔ ڈی کالونائزیشن کے اس عمل میں فرانس نے اپنے زیرِ قبضہ پندرہ ممالک کو آج تک معاشی آزادی نہیں دی ہے۔ اُن ممالک کی کرنسی CFA فرانس میں چھپتی ہے اور وہ اپنے زرِمبادلہ کے آدھے ذخائر فرانس میں رکھوانے کے پابند ہیں۔ فرانس ان ممالک میں ہر قسم کی ایکسی لوریشن کرنے کا

حق رکھتا ہے۔ان کے تیل وگیس سے لے کر سونے اور ہیروں تک ہر قسم کی معدنیات پر پہلا حق آج بھی فرانس کا ہے۔اسی طرح برطانیہ نے جنوبی افریقا میں استحصال اور نسلی برتری کی بدترین تاریخ رقم کی۔اس ملک کو نوے کی دہائی میں آزادی ملی جبکہ اس کے ساتھ جڑے نمیبیا کو اس سے بھی بعد میں آزادی نصیب ہوئی۔

ڈی کالونائزیشن کے اس عمل میں دنیا بھر میں درجنوں سرحدی تنازعے پیدا ہوئے جو بروقت سلجھا لیے گئے۔انگریز اگر چاہتا تو کشمیر کا مسئلہ بھی حل کر کے جا سکتا تھا اُس وقت کا انڈیا اتنا طاقتور بھی نہیں تھا کہ اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کو ردی کی ٹوکری کی نظر کر دیتا۔انگریز جانتا تھا کہ ان دونوں قوموں کے سامنے کوا بھی کھڑا کر دیا جائے تو اگر ایک نے اس کو کالا کہہ دیا تو دوسری قوم قیامت کی صبح تک اُس کو سفید ثابت کرنے میں لگی رہے گی۔3 جون کا منصوبہ برطانیہ سے بن کر آیا تھا۔انگریز کو یہ بھی پتا تھا کہ کئی ریاستیں ایسی ہیں جن کے حکمران مسلمان ہیں تو آبادی ہندو اور اگر آبادی مسلمان ہے تو حکمران ہندو۔اگر فیصلہ اکثریت کی رائے کے برعکس آ گیا تو اس صورتِ حال میں کیا کرنا ہے اس کا کوئی حل تجویز نہیں کیا گیا تھا۔اگر سرحد اور سلہٹ میں ریفرنڈم ہو سکتا ہے تو کشمیر میں کیوں نہیں۔لیکن بدقسمتی سے انگریز نے ایسا نہیں کیا۔کیوں۔اس کے لیے ہم کو مزید 25 سال انتظار کرنا ہو گا کیونکہ انگریز کی ہر منصوبہ بندی سو سال کی ہوتی ہے۔

..............................☆☆☆☆☆..............................

Books for Sale



Pakistani I.Q test Standardized in Pakistan
قیمت5000روپے



اردو کتاب
قیمت500روپے



انگریزی کتاب
قیمت500روپے



کتابچہ
قیمت50روپے



اردو کتاب
قیمت70روپے

کتابوں کا مختصر تعارف

Sex Education for Muslims

The Quran and Hadees provide guidance in all affairs of life.it is imperative for a Muslim to study the Quran and Hadees, Understand them, and make these principles a part of the daily life. The most important human relationship is that of marriage. It is through this institution that the procreation and training of the human race comes about. So, it's no wonder that the Quran and Hadees give us important guidance on this matter. But it is unfortunate that our authors, teachers and imams avoid this topic in their discourses due to a false sense of embarrassment. Moreover, most of them are not well versed in the field of medicine and psychology. Therefore, it's only people who have knowledge of both religion as well as medicine who should come forward to speak and write on the subject. We have included in this book all passages referring to sexual matters from the Quran, Hadees and Fiqa. These passages provide guidance to married as well as unmarried youngsters. If one reads this matter it would be easier to maintain proper physical and sexual health, along with an enjoyable marital life. The reading of this matter as well as using it in one's life will be considered equal to worship.

جنسی مسائل

لڑکپن سے جوانی تک کی عمر ایسی ہے جس کے دوران جنسی اعضاء میں کافی تبدیلی آتی ہے۔ اس لئے نوجوانوں کو یہ پریشانی لاحق ہوتی ہے کہ تبدیلیاں فطری ہیں یا کسی بیماری کا مظہر ہیں۔ اتنی بات بتانے کی لئے ہمارے معاشرے میں کوئی تیار نہیں ہوتا۔ نہ والدین اور اساتذہ اور نہ دوسرے ذرائع ابلاغ یہ سعی کرتے ہیں۔ اس کے بارے میں مستند کتابیں بھی موجود نہیں ہیں بلکہ اگر غلطی سے کوئی لڑکا یا لڑکی اس موضو پر کوئی بات کر بیٹھے تو وہ سخت بدن تنقید بنتا ہے۔ اس لئے ان سب چیزوں کو دیکھتے ہوئے ڈاکٹر سید مبین اختر نے یہ کتابچہ تیار کیا ہے جس میں جنسی مسائل کے حوالے سے قرآن وحدیث کی روشنی میں بنیادی مسائل کا حل تجویز کیا ہے۔

انگریزوں کا ہندوستان پر ظلم وستم اور قتل وغارت

انگریزوں نے تاجر کے روپ میں ہندوستان آکر مسلم فرمارداؤ سے پورا ملک چھین لیا اور پھر شدید ظلم وستم کیا، مگر ہم لوگ اکثر اس سے نابلند ہیں، بلکہ اکثر لوگ تو ان کی تعریف وتوصیف کرتے ہیں۔ امریکہ اور اسٹریلیاں میں ان لوگوں نے جا کر قدیم آبادی کو تقریباً نسیت ونابود کر دیا مگر ہندوستان میں بھی تباہی، بربادی اور ظلم وستم کی ایک داستان رقم کر دی۔

یہ کتاب زیادہ تر مولانا حسین احمد مدنی
(برطانوی سمراج نے ہمیں کیسے لوٹا) اور
(Hunter-The Indian Muslim) کی
کتابوں سے ماخوذ ہے۔ جن لوگوں کی مزید تفصیلات درکا ہوں ان کو کتابوں کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے۔

مختصر کتابچہ برائے جنسی مسائل | قیمت50روپے

Author: Dr.Syed Mubin Akhter

Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office
Nazimabad no 3,
karachi
Phone: (021) 111-760-760
0336-7760760

Landhi
Al syed Center, Quaidabad
(Opp. Swidish Institue)
Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

Books for Sale



Pakistani I.Q test
Standardized in Pakistan
قیمت5000روپے



اردو کتاب
قیمت500روپے



انگریزی کتاب
قیمت500روپے



کتابچہ
قیمت50روپے



اردو کتاب
قیمت70روپے

مختصر تعارف

مسلمانوں کے لئے جنسی تعلیم

قرآن مجید اور حدیث زندگی کے تمام امور میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ایک مسلمان کے لئے لازم ہے کہ وہ قرآن وحدیث کا مطالعہ کرے، انکو سمجھے، اوران اصولوں کے تحت اپنی روزمرہ کی زندگی گزارے۔سب سے اہم انسانی رشتہ شادی کا ہے۔اس کے ذریعہ ہی نسل انسان کی پیدائش اور تربیت سامنے آتی ہے، لہذا اس میں کوئی شک شعبہ کی بات نہیں کہ قرآن حدیث سے ہمیں اس معاملے میں اہم رہنمائی ملتی ہے۔لیکن بدقسمتی کی بات ہے کہ ہمارے مصنفین، اساتذہ اور عالم، شرمندگی کے غلط احساس کی وجہ سے، مباحثوں میں اس موضوع سے اجتناب کرتے ہیں۔مزید یہ کہ ان میں سے بیشتر طب اور نفسیات پر عبور نہیں رکھتے ہیں۔لہذا ان ہی لوگوں کو جو مذہب کے ساتھ ساتھ علاج معالجے کے بارے میں بھی جانتے ہیں اس موضوع پر بولنے اور لکھنے کے لئے آگے آنا چاہئے۔

ہم نے اس کتاب میں قرآن، حدیث اور فقہ سے جنسی امور کے حوالے سے تمام حوالوں کو شامل کیا ہے۔یہ حصّے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ نوجوانوں کے لئے رہنمائی فراہم کرتے ہیں، جن کو پڑھ کر وہ خوشگوار ازدواجی زندگی کے ساتھ ساتھ مناسب جسمانی اور جنسی صحت کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ان کو پڑھنا اور اپنی زندگی میں اپنانا عبادت ہے۔

Author: Dr.Syed Mubin Akhter

Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office
Nazimabad no 3,
karachi
Phone: (021) 111-760-760
0336-7760760

Landhi
Al syed Center, Quaidabad
(Opp. Swidish Institue)
Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

For I.Q

DRAW A PERSON TEST

The only IQ test standardized in Pakistan.

پاکستان مین پہلی دفعہ بچوں کی ذہانت (I.Q) کو جانچنے کے حوالے سے نفسیاتی ٹیسٹ متعارف کیا جا رہا ہے۔

پاکستان میں بچوں کی ذہانت جانچنے کے لئے ابھی تک کوئی ٹیسٹ موجود نہیں تھا جو کہ ہمارے اپنے بچوں کے اعداد و شمار جمع کر کے بنایا گیا ہو۔ ابھی تک ہم دوسرے ملکوں میں استعمال کئے جانے والے ذہانت کے ٹیسٹ استعمال کرتے رہے ہیں جو کہ انکے حالات اور معاشرے کے حوالے سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔

ان ملکوں کے حالات اور سماجی اقدار ہمارے سماجی حالات سے یکسر مختلف ہیں جس کی وجہ موجودہ ذہانت کے آزمائشی ٹیسٹ (I.QTest) ہمارے بچوں کی ذہانت کو صحیح طرح نہیں جانچ سکتے ہیں۔

اس ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے ملک کی مشہور ماہر نفسیات ایوا حسن (مرحومہ) نے اپنے صلاحیتوں کو بروکار لاتے ہوئے اس ذہانت کے آزمائش کو مقامی سطح پر اپنے ملک کے بچوں پر کام کر کے اس آزمائشی ٹیسٹ کو پاکستان میں رہنے والے (7 سے 12) سال کے بچوں پر استعمال کرنے کے قابل بنایا۔

کراچی نفسیاتی ہسپتال جو کہ گزشتہ 52 سالوں سے علم و ادب، تحقیق و تربیت کے حوالے سے کام کر رہا ہے، ڈاکٹر سید مبین اختر کی سربراہی میں جو کے اس ملک کے ایک مشہور ماہر ذہنی امراض ہیں نے ڈاکٹر ایوا حسن (مرحومہ) کی اس کاوش کو کتابی شکل میں لا کر عوام الناس کی خدمت کے لئے لوگوں کے استعمال اور بچوں کی ذہانت معلوم کرنے کے لئے پیش کر رہا ہے۔

یہ ٹیسٹ پروفیسر محمد اقبال آفریدی کی زیر نگرانی میں تیار کیا گیا ہے۔

Author: Dr.Syed Mubin Akhter
Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office
Nazimabad no 3,
karachi
Phone: (021) 111-760-760
0336-7760760

Quaidabad
Al syed Center,
(Opp. Swidish Institue)
Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

PSYCHIATRIST REQUIRED

"Psychiatrist required for Karachi Psychiatric Hospital"
(Pakistan)

Qualification:

* Diplomate of the American Board of Psychiatry
* DPM , **MCPS or FCPS**

Send C.V to:

Dr. Syed Mubin Akhtar (Psychiatrist & Neurophysician)
M.D. KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL

Address:

Nazimabad No.3 Karachi, Pakistan

E-mail:

mubin@kph.org.pk

Phone No:

111-760-760
0336-7760760

K.P.H. ECT MACHINE
MODEL NO. 3000

New Improved Model

Rs. 70,000/=

With 5 year full waranty and after sale services.

Designed & Manufactured By

KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL

NAZIMABAD NO. 3, KARACHI-PAKISTAN PHONE: 021-111-760-760
0336-7760760

Website: www.kph.org.pk Email: support@kph.org.pk

This is being assembled and used in our hospital since 1970 as well as JPMC and psychiatrists in other cities i.e

Sindh	: Karachi, Sukkar, Nawabshah
Balochistan	: Quetta
Pukhtoon Khuwah	: Peshawar, D.I Khan, Mardan, Mansehra, Kohat
Punjab	: Lahore, Gujranwala, Sarghodha, Faisalabad, Rahimyar Khan, Sialkot
Foreign	: Sudan (Khurtum)

It has been found to be very efficient and useful. We offer this machine to other doctors on a very low price and give hundred percent guarantee for parts and labour for a period of five years.

FIVE YEARS Guarantee, and in addition the price paid will be completely refunded if the buyer is not satisfied for any reason whatsoever and sends it back within one month of purchase.

KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL
KARACHI ADDICTION HOSPITAL

Established in 1970

Modern Treatment With Loving Care

با اخلاق عملہ۔ جدید ترین علاج

Main Branch

Nazimabad # 3, Karachi

Phone # 111-760-760
0336-7760760

Other Branches

- **Male Ward:** G/18, Block-B, North Nazimabad, Karachi
- **Quaidabad (Landhi):** Alsyed Center (Opp. Swedish Institute)
- **Karachi Addiction Hospital:**
  Mubin House, Block B, North Nazimabad, Karachi

E-mail: support@kph.org.pk
Skype I.D: online@kph.org.pk
Visit our website: <www.kph.org.pk>

MESSAGE FOR PSYCHIATRISTS

Karachi Psychiatric Hospital *was established in 1970 in Karachi. It is not only a hospital but an institute which promotes awareness about mental disorders in patients as well as in the general public. Nowadays it has several branches in Nazimabad ,North Nazimabad, and in Quaidabad. In addition to this there is a separate hospital for addiction by the name of* ***Karachi Addiction Hospital****.*

We offer our facilities to all Psychiatrists for the indoor treatment of their patients under their own care*.*

Indoor services include:

- *24 hours well trained staff, available round the clock, including Sundays & Holidays.*
- *Well trained Psychiatrists, Psychologists, Social Workers, Recreation & Islamic Therapists who will carry out your instructions for the treatment of your patient.*
- *An Anesthetist and a Consultant Physician are also available.*
- *The patient admitted by you will be considered yours forever. If your patient by chance comes directly to the hospital, you will be informed to get your treatment instructions, and consultation fee will be paid to you.*
- *The hospital will pay consultation fee DAILY to the psychiatrist as follows:*

Rs 700/=	***Semi Private Room Private Room***
Rs 600/=	***General Ward***
Rs 500/=	***Charitable Ward (Ibn-e-Sina)***

The hospital publishes a monthly journal in its website by the name 'The Karachi Psychiatric Hospital Bulletin" with latest Psychiatric researches. We also conduct monthly meetings of our hospital psychiatrists in which all the psychiatrists in the city are welcome to participate.

Assuring you of our best services.

C.E.O
Contact # 0336-7760760
111-760-760
Email: support@kph.org.pk

Our Professional Staff for Patient Care

❖ Doctors:

1. **Dr. Syed Mubin Akhtar**
   MBBS. (Diplomate American Board of Psychiatry & Neurology)
2. **Dr. Muhammad Shafi Mansuri**
   MBBS, F.C.P.S (Psychiatry)
3. **Dr. Akhtar Fareed Siddiqui**
   MBBS, F.C.P.S (Psychiatry)
4. **Dr. Major (Rtd) Masood Ashfaq**
   MBBS, MCPS (Psychiatry)
5. **Dr. Javed Sheikh**
   MBBS, DPM (Psychiatry)
6. **Dr. Syed Abdurrehman**
   MBBS
7. **Dr. Salahuddin Siddiqui**
   MBBS (Psychiatrist)
8. **Dr. Sadiq Mohiuddin**
   MBBS
9. **Dr. Zeenatullah**
   MBBS, IMM (Psychiatry)
10. **Dr. A.K. Panjawani**
    MBBS
11. **Dr. Habib Baig**
    MBBS
12. **Dr. Ashfaque**
    MBBS
13. **Dr. Salim Ahmed**
    MBBS
14. **Dr. Javeria**
    MBBS
15. **Dr. Sumiya Jibran**
    MBBS

❖ Psychologists:

1. **Syed Haider Ali (Director)**
   MA (Psychology)
2. **Shoaib Ahmed**
   MA (Psychology), DCP (KU)
3. **Syed Khurshied Javaid**
   M.A (Psychology), CASAC (USA)
4. **Farzana Shafi**
   M.S.C(Psychology), PMD (KU)
5. **Rano Irfan**
   M.S (Psychology)
6. **Madiha Obaid**
   M.S.C (Psychology)
7. **Danish Rasheed**
   M.S. (Psychology)
8. **Naveeda Naz**
   M.S.C (Psychology)
9. **Hira Rehman**
   M.S.C (Psychology)
10. **Anis ur Rehman**
    M.A (Psychology)
11. **Rabia Tabassum**
    M.Phil.

❖ Social Therapists

1. **Kausar Mubin Akhtar**
   M.A (Social Work) Director Administration
2. **Roohi Afroz**
   M.A (Social Work)
3. **Talat Hyder**
   M.A (Social Work)
4. **Mohammad Ibrahim**
   M.A (Social Work)
5. **Syeda Mehjabeen Akhtar**
   B.S (USA)
6. **Muhammad Ibrahim Essa**
   M.A (Social Work)/ General Manger

❖ Research Advisor

Prof. Dr. Mohammad Iqbal Afridi
MRC Psych, FRC Psych
Head of the Department Of psychiatry, JPMC, Karachi

❖ Medical Specialist:

Dr. Afzal Qasim. F.C.P.S
Associate Prof. D.U.H.S

❖ Anesthetist

Dr. Shafiq-ur-Rehman
Director Anesthetist Department
Karachi Psychiatric Hospital.

❖ Dr. Vikram

Anesthetist,
Benazir Shaheed Hospital
Trauma Centre, Karachi

آ

آسٹریلین پالیسی 21
آزادی 178

ا

اردو 90، 141، 185، 296، 358
اقوام متحدہ 90
امریکا 126، 293
اسرائیلی جاسوس 114
اضطرابی وسوسوں 215
انڈے 234
اردو زبان 236
اصطلاحات 296

ب

بڑھتی عمر 18
بچوں کو دماغی چوٹ 35
بلند فشار خون 39
برقی دماغی علاج 49
بعد حادثہ نفسیاتی مرض 57
بچوں میں یاسیت 82
بچوں 123
برطانوی تاریخ 157
برطانیہ 178
بچے کی پیدائش کے بعد مباشرت 319
برطانوی لڑکیوں کا جنسی استحصال 354

پ

پریشانیاں 18
پیرس ہلٹن 207

ٹ

ٹیسٹوسٹیرون 162

ج

جنسی خواہش 01
جنت 45
جنسی خواہش 77
جنگِ آزادی 1857ء 91
جعلی عامل 137
جھوٹی تاریخ 223
جن 246
جنسی لطف 292
جنسی طور پر تنگ کرنا 303
جنسی تشدد 307

ح

حیض کے وقت خواتین 110

خ

خواتین کے بچپن کے تکلیف 123
خوشی اور یاسیت 331
خواتین کے ساتھ غیر مناسب سلوک 341

د

دل 18
دماغی ساخت 172
دوقومی نظریہ 365

ڈ

ڈی کالونائزیشن 365

ذ

ذہانت 31

ر

رمضان 176
رومن 358

ز

زیادہ متحرک 212
زندگی 298

س

سانس میں رکاوٹ 75
سوزاک 189
275 Sexual Misconduct

ش

شریانوں 18
شراب 31
شکوک 284

ص

صدمہ بعد از حادثہ 144
صنف 144
صحت مند افراد 334

ط

طویل مدت کیلئے عمل کرنے والے 94
طلاق 147

ع

عضو میں سختی کی کمی 168

ف

فوج 133
فوجی بغاوتیں 293

ک

کمپیوٹر پروگرام 44
کرونا(Covid-19) 60
کپکپاہٹ 151
کووڈ19 196
کینیڈا 341

م

مرگی 05
میتھائل فینیڈیٹ 35
مشینی علاج 42
موٹاپا 79
مقامی زبانوں 126
مشینی دماغی علاج(ECT) 104
مالیخولیا(Schizophrenia) 94
172
مسلم تاریخ 176
مردوں کا جنسی عمل 196
مریضوں 200
ملازمت 200
منہ کے زریعہ 292
مسرت 298

ن

نفسیاتی دورے 05
نپولین 267

ی

یاسیت 18، 133
نومیت(Hypnosis) 85
یاداشت 261
یاسیت کی ادویات 331

ADDICTION WARD
MUBIN HOUSE
PATIENTS' ACTIVITY

ہفتہ وار فیس بک پر معلوماتی سوال و جواب

ہر سنیچر - وقت: دوپہر 1 سے 2 بجے

https://www.facebook.com/kph.org.pk/videos/949376222569579/

kph.org.pk

بمقام: کراچی نفسیاتی و منشیات ہسپتال